پیغام



ڈاکٹر عشرت العباد خان

گورنر سندھ

(نشانِ امتیاز)

مجھے یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی ہے کہ کے ایم سی نے عوامی خدمت کے تحت "رائزنگ کراچی" کے نام سے کراچی کے عوام کے لئے ایک تیز رفتار موبائل فون سروس کا آغاز کیا ہے۔

اس کے ذریعے شہریوں کو کے ایم سی کی خدمات تک رسائی میں بے حد مدد ملے گی۔

"رائزنگ کراچی" کے آغاز سے مجھے 18 ویں صدی کے فلسفی ڈی لامیٹری کی کہاوت یاد آئی ہے کہ "دماغی عضلات سوچنے کا کام کرتے ہیں جیسے کہ ٹانگوں کے عضلات چلنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں یا تو ان کو استعمال کریں یا چھوڑ دیں۔ ایسا لگتا ہے کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی نے اس کہاوت کو اپنی خدمات کے ضابطہ اخلاق کا حصہ بنالیا ہے۔

رائزنگ کراچی، اہلِ کراچی کے لئے ایک مفت موبائل سروس ہے جو صرف اپنی موبائل سروس استعمال کرتے ہوئے کوئی بھی سروس جیسے ہیلتھ سیکٹر، سفری معلومات، اے ٹی ایم لوکیشن، بس روٹ وغیرہ جیسی ضروری معلومات فوراً حاصل کر سکتے ہیں کراچی میں بہت سارے ترقیاتی منصوبہ جات وفاقی وصوبائی حکومتوں کے تعاون اور مدد سے بھرپور طریقے سے جاری ہیں۔ کراچی میں جاری یا شروع کئے جانے والے 11 فلائی اوورز، انڈر پاسز اور پل اس بات کا بین ثبوت ہیں کہ کراچی کا معاشی اور انفرااسٹرکچر بیس وسیع تر ہوتا جارہا ہے۔ لیاری ایکسپریس وے پر دوبارہ کام شروع ہوگیا ہے جس کے باعث شہریوں کو مزید تیز رفتار ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم ہوں گی۔

"رائزنگ کراچی" کا آغاز دیگر شہروں خصوصاً لوکل گورنمنٹ اور دیگر سوک ایجنسیز کے لئے بھی ایک ترغیبی عمل ہے۔ اس کا اطلاق دوسرے شہروں تک بھی کیا جاسکتا ہے جو اپنے شہریوں کو ایسی سہولت دینا چاہتے ہوں۔

میں بلدیہ عظمیٰ کراچی کے ایڈمنسٹریٹر محمد حسین سید کے ایڈمنسٹریٹر اور انکی ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں جنہوں نے نہ صرف اہلِ کراچی کے لئے بلکہ کراچی سے باہر اور بیرونِ ملک رہنے والوں کے لئے انوکھی موبائل سروس پیش کی ہے۔

(ڈاکٹر عشرت العباد خان)

گورنر سندھ